**16.03.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................ آسیہ میمونہ

**Music**

☆ انتخابی کمیشن آج تیسرے پہر لوک سبھا چناؤ کے پروگرام کا اعلان کرے گا، اس کے ساتھ ہی مثالی ضابطہ اخلاق پرعمل شروع ہوجائے گا۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے لوک سبھا چناؤ کی انتخابی مہم کے ایک حصے کے طور پرتلنگانہ کے **Nagar Kurnool** میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔

☆ بھارت نے اقوام متحدہ میں کسی بھی شکل میں مذہبی عصبیت پسندی کی شدید مذمت کی ہے اور اس عالمی ادارے کو مذہبی بنیاد پر کیمپوں میں بانٹنے کے خلاف خبردار کیاہے۔

☆ مرکز نے **J&K Peopls Freedom League** پر پانچ سال کی پابندی لگادی ہے۔ساتھ ہی **JKLF** یاسین ملک گروپ پر پابندی میں مزید پانچ سال کا اضافہ کیا ہے۔

☆ اور آل انگلینڈ اوپن بیڈمنٹن چمپئن شپ میں آج مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں لکشیہ سین کا مقابلہ انڈونیشیا کے **Jonatan Christie** سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Rev ECI Loksabha**

انتخابی کمیشن آج تیسرے پہر لوک سبھا چناؤ کے پروگرام کا اعلان کرے گا۔ لوک سبھا انتخابات کے ساتھ ساتھ کمیشن اُن کچھ ریاستوں کے چناؤ پروگرام کا بھی اعلان کرے گا جہاں اسمبلیوں کا انتخاب کیا جائے گا۔ اِس اعلان کے بعد مثالی ضابطہ اخلاق پرعمل شروع ہوجائے گا۔ موجودہ لوک سبھا کی مدت اس سال 16 جون کوختم ہوجائے گی۔ 2019 میں اپریل اور مئی میں 7 مرحلوں میں لوک سبھا کے انتخابات ہوئے تھے۔ اس بار بھی اپریل اور مئی میں کئی مرحلوں میں یہ چناؤ ہونے کی امید ہے۔

**Rev PM Nagarkurnool**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ریاست میں کسی بھی بدعنوان رہنما کو بخشا نہیں جائے گا۔ انہوں نے یہ بات تلنگانہ میں Nagarkurnool میں پرجا سنکلپ سبھا عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں بڑی تعداد میں لوگ موجود تھے۔ جناب مودی نے BRS اور کانگریس پر نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ خاندانی بنیاد پر کام کرنے والی پارٹیوں کی اقرباپروری، خوشامدانہ پالیسی اور بدعنوانی اُن سب کی ایک جیسی تاریخ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دفعہ 370، رام مندر اور کئی دوسری چیزوں کی طرح عوام سے کی گئی سبھی یقین دہانیاں پوری کی جائیں گی۔ وزیراعظم نے عوام سے کہا کہ وہ انہیں تلنگانہ سے 10 سے زیادہ لوک سبھا سیٹیں دیں تاکہ وہ کسی تاخیر کے بغیر عوام کے مسئلوں کو حل کرسکیں۔

**PM Campaign**

بھارتیہ جنتا پارٹی نے آج 2024 کے لوک سبھا انتخابات سے پہلے ''میں مودی کا پریوار ہوں'' ایک تشہیری گیت جاری کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم مودی نے ویڈیو جاری کیا جس میں دکھایا گیا ہے کہ کسانوں سے لے کر غریب گھروں کے لوگ مختلف فلاحی اسکیموں سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے تلنگانہ میں ایک چناؤ ریلی میں ''میں مودی کا پریوار ہوں'' کا نظریہ پیش کرنے کے بعد یہ نغمہ تیار کیا گیا ہے۔

**PM Letter**

وزیراعظم مودی نے ایک کھلے خط کے ذریعے عوام تک رسائی حاصل کی ہے اور اُن سے کہا ہے کہ وہ وکست بھارت کے طور پر، بھارت کے مستقبل کو سنوارنے کے لیے اپنی رائے کا اظہار کریں۔ جناب مودی نے کہا کہ پچھلے دس سال میں ملک میں زبردست ترقی کی ہے۔ انھوں نے خاص طور پر کہا کہ ملک روایت اور جدت دونوں کو ایک ساتھ لے کر چل رہا ہے اور بھارتی مالا مال قومی اور ثقافتی ورثے کو جلا دے رہا ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ آج ملک کے ہر شہری کو اس بات پر فخر ہے کہ وہ بھارت مالا مال ثقافتی جلسے کے جشن کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ پردھان منتری آواس یوجنا، آیوشمان بھارت، Matru Vandana یوجنا، GST کی عمل آوری، دفعہ 370 کی منسوخی، ناری شکتی وندن ایکٹ اور نئی پارلیمنٹ کی عمارت کا افتتاح جیسی اہم اور بنیادی نقل وحرکت اور اسکیموں کے نتیجے میں ملک کی شکل ہی بدل گئی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ تبدیلی عوام کے اُن پر بھروسے کی وجہ سے ہی ممکن ہوئی ہے۔

**UN India**

بھارت نے اقوام متحدہ میں کسی بھی شکل میں مذہبی عصبیت پسندی کی شدید مذمت کی ہے اور اِس عالمی ادارے کو مذہبی بنیاد پر کیمپوں میں بانٹنے کے خلاف خبردار کیا ہے۔ اقوام متحدہ میں بھارت کی مستقل نمائندہ روچیرا کمبوج نے عالمی ادارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے اس کی مذمت کی۔ وہ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 78 ویں اجلاس میں مذہبی تعصب کی روک تھام سے متعلق اقدامات کے بارے میں ایک قرارداد پر اظہار خیال کررہی تھیں۔

محترمہ کمبوج نے یہ بھی کہا کہ آج منظور کی گئی اِس قرارداد کو نظیر نہیں بنایا جانا چاہیۓ۔ انہوں نے کہا کہ بھارت تکثیریت پسندی کے اصولوں کا علمبردار ہے اور وہ مساوی تحفظ اورتمام مذہبوں اور عقیدوں کا سختی سے احترام کرتا ہے۔

**Centre Unlawfull Association**

مرکز نے ' جموں وکشمیر لبریشن فرنٹ یاسین ملک گروپ کو' مزید پانچ سال کے لیے غیرقانونی انجمن قرار دے دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ ممنوعہ تنظیم جموں وکشمیر میں لگاتار علاحدگی پسند اور دہشت گردانہ سرگرمیاں پھیلانے میں لگی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی یگانگت، سالمیت، اقتدار اعلیٰ اور سیکورٹی کے لیے خطرہ بننے والے کسی بھی شخص کے خلاف سخت قانونی کارروئی کی جائے گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ نریندر مودی سرکار نے جموں وکشمیر پیوپلز فریڈم لیگ کو بھی پانچ سال کے لیے غیرقانونی تنظیم قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تنظیم بھی دہشت گردی کے ذریعہ جموں وکشمیر میں علاحدگی پسند سرگرمیوں میں مدد کرتی رہی ہے اور اُس کو بڑھاوا دیتی رہی ہے اور اس طرح ملک کی یگانگت کو خطرہ پیدا کررہی تھی۔

**Rajnath Army**

وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے فوجی تربیت کے دوران طبی بنیاد پر فوجی تربیت کے لیے نااہل قرار دیۓ گئے کیڈٹوں کو بازآبادکاری کی سہولیات دینے کی منظوری دی ہے۔ وزارت دفاع نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ کئی سال سے کیڈٹ اور ان کے والدین بازآبادکاری کے مواقع دیۓ جانے کا مطالبہ کررہے تھے۔ وزارت نے کہا ہے کہ ہرسال نوجوان کیڈٹ فوجی اکادمی میں تربیت حاصل کرتے ہیں تاکہ مسلح فوجوں میں افسر کی حیثیت سے شامل ہوسکیں۔ ضابطوں کے مطابق ان کیڈٹوں کو کمیشن ملنے کے بعد ہی افسر مانا جاتا ہے۔ فوجی تربیت کے دوران کچھ کیڈٹوں کو طبی بنیاد پر نااہل قرار دے دیا جاتا ہے۔

وزیر دفاع نے سابق فوجیوں کی فلاح وبہبود سے متعلق محکمے کی ایک اور تجویز منظور کرلی ہے۔ اس تجویز میں کہا گیا تھا کہ بازآبادکاری سے متعلق ڈائریکٹوریٹ جنرل کی طرف سے چلائی جارہی اسکیموں کے فائدوں میں توسیع کی جائے۔ اس سے پانچ سو کیڈٹوں کو مدد ملے گی۔

**Israel Rafah**

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے غزہ کے جنوب میں واقع شہر رفح پر حملہ کرنے کے منصوبے کو منظوری دے دی ہے۔ جناب نتن یاہو نے حماس کی طرف سے جنگ بندی کی نئی قرارداد پر تبادلۂ خیال کرنے کے لئے اسرائیل کی جنگ سے متعلق کابینہ کی میٹنگ کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے۔
پہلے مرحلے میں حماس نے کئی اسرائیلیوں کے قتل میں ملوث کچھ مجرموں سمیت سیکڑوں فلسطینی قیدیوں کی رہائی کے عوض میں یرغمال بنائے گئے اسرائیلی خواتین، بچے، بزرگ اور بیمار افراد کی رہائی کی قرارداد پیش کی تھی۔ وزیراعظم نتن یاہو کے دفتر نے بتایا کہ حماس کی طرف سے پیش کی گئی جنگ بندی کی قرارداد غیر حقیقی مطالبے پر مبنی تھی۔

**Ukraine Evacuation**

خبرملی ہے کہ روس کی سرحد کے پاس یوکرین کے Sumy خطے سے بڑے پیانے پر انخلا شروع ہوگیا ہے کیونکہ اس علاقے میں شدید بمباری ہورہی ہے۔ یوکرین کی فوجی انتظامیہ نے بتایا ہے کہ گزشتہ تین دن میں 180 مقامی باشندوں کو وہاں سے نکالا گیا ہے۔ مجموعی طور پر 22 گاؤوں کے 4 ہزار 500 افراد کو اِس علاقے سے بحفاظت نکالا گیا۔ علاقہ انتظامیہ کے مطابق گزشتہ پانچ دن کے دوران تین افراد ہلاک اور 13 زخمی ہوگئے ہیں۔

**Badminton**

بیڈمنٹن میں، برمنگھم میں جاری آل انگلینڈ اوپن چمپئن شپ میں مردوں کے سنگلز مقابلے میں بھارتی کھلاڑی لکشیہ سین سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ کل رات کھیلے گئے کوارٹر فائنل میچ میں دولت مشترکہ کھیلوں میں سونے کے تمغہ یافتہ لکشیہ نے ملیشیا کے LEE ZII JIA کو بیس-بائیس، اکیس-سولہ، اکیس-انیس سے شکست دی۔ اب آج شام لکشیہ کا مقابلہ انڈونیشیا کے، دنیا کے 9 ویں نمبر کے کھلاڑی JONATAN CHRISTIE سے ہوگا۔

**WPL**

کرکٹ کے خواتین پریمیر لیگ میں، کل رات دلی میں کھیلے گئے ایک سنسنی خیز Eliminator میچ میں رائل چیلنجرس بینگلور، دفاعی چمپئن ممبئی انڈینس کو پانچ رن سے ہرانے کے بعد فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ اس جیت کے ساتھ اب کل رائل چیلنجرس بینگلور کا خطابی مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔
پہلے بلے بازی کرتے ہوئے رائل چیلنجرس بینگلور نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 135 رن بنائے تھے۔ جواب میں ممبئی انڈینس مقررہ اوورس میں 6 وکٹ پر محض 130 رن ہی بنا سکی اور جیت کے ہدف کو حاصل کرنے میں ناکام رہی۔

**Nasa Europa Miission**

NASA اس سال اکتوبر میں مشتری یعنی Juipiter کے ایک چاند Europa تک '' بوتل میں ایک پیغام'' نامی مشن انجام دے گا۔ اس مشن کو Europa Clipper Mission کا نام بھی دیا گیا ہے، جس کا مقصد یہاں زندگی کے نشانات تلاش کرنا ہے۔کیونکہ سائنسدانوں نے یہاں کی برفیلی زمین پر نمکین پانی کی ایک جھیل ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ یوروپا Clipper خلائی گاڑی ایک تکونی میٹل پلیٹ لے کر جائے گی، جس پر ایک امریکی سائنسداں Laureate Ada Linons کے تحریرکردہ الفاظ گدے ہوئے ہیں :In Praise Of Mystely:Apoem For Europe۔

**AIIMS Dual Kidney Transplant**

آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز ایمس، نئی دلی نے جسمانی اعضاء کو رکھنے کے مرکز کے اشتراک سے ایمس میں دو گردوں کے ٹرانس پلانٹ کا پہلا کامیاب آپریشن کیا ہے۔ گردہ عطیہ کرنے والی ایک 78 سالہ بزرگ خاتون تھیں، جنہیں سر میں چوٹ لگنے کی وجہ سے ایمس کے ٹراما سینٹر میں داخل کیا گیا تھا۔ خاتون کو دماغی طور پر مردہ قرار دے دیا گیاتھا، جس کے بعد ان کے اہل خانہ نے گردے عطیہ کرنے کے لئے اپنی رضامندی دے دی تھی۔

ایمس کے مطابق خاتون ایمس نئی دلی میں گردے عطیہ کرنے والی دوسری سب ے بزرگ عطیہ دہندہ ہیں۔ بزرگ خاتون کے گردے جنہیں لگائے گئے ہیں، وہ ایک 51 سالہ خاتون ہیں ،جو Dialysis پر تھیں۔ یہ سرجری ڈسپلن اور Nephrology کے محکموں نے کی ہے۔ سرجری کامیاب رہی اورمریضہ دونوں گردوں کے ساتھ غیر معمولی طور سے بازیاب ہورہی ہیں۔

☆☆☆